**شعبہ نشر و اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**7 جنوری 2026ء**

# پریس ریلیز

## دنیا بھر میں ظلم کے حمایتی امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا وینیزویلا کے صدر نکولاس مادورو کو اغواء کرنا انتہائی شرم ناک ہے۔

## امریکہ کی اِس غنڈہ گردی نے نہ صرف عالمی امن کو تاراج کیا ہے بلکہ بین الاقوامی قانون کی بھی دھجیاں اُڑادی ہیں۔

**(شجاع الدین شیخ)**

**لاہور (پ ر):** دنیا بھر میں ظلم کے حمایتی امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا وینیزویلا کے صدر نکولاس مادورو کو اغواء کرنا انتہائی شرم ناک ہے۔ امریکہ کی اِس غنڈہ گردی نے نہ صرف عالمی امن کو تاراج کیا ہے بلکہ بین الاقوامی قانون کی بھی دھجیاں اُڑا دی ہیں۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ امریکہ کا کسی دوسرے ملک میں دہشت گردی پر مبنی ایسی کارروائی کرنا اِس بات کا ثبوت ہے کہ وہ عالمی امن اور بین الاقوامی قانون کو ذرہ برابر بھی حیثیت نہیں دیتا۔ حقیقت یہ ہے کہ امریکہ اسرائیل کی جانب سے غزہ میں مختلف طریقوں سے جاری نسل کُشی اور انسانیت کے خلاف جرائم کا مکمل ساتھ دے رہا ہے۔ جبکہ دعوے یہ کرتا ہے کہ وہ دنیا سے جنگوں کے خاتمے اور امن کا عالم بردار ہے۔ اطلاعات کے مطابق امریکہ کی وینیزویلا میں حالیہ کارروائی، جو درحقیقت اغواء برائے تاوان کے مترادف ہے، کے ذریعے وہ وینیزویلا سے تیل اور دیگر اہم معدنیات و قیمتی پتھر حاصل کرنا چاہتا ہے۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ وینیزویلا میں امریکہ کے خلاف سخت نفرت پائی جاتی ہے اور وہاں رجیم چینج کے ذریعے امریکی مفادات کی حفاظت اور تیل و معدنیات کوڑیوں کے بھاؤ بیچنے والی حکومت کو لایا گیا ہے۔ ٹرمپ نے اس اغواء کے نتیجے میں مسلم ممالک کو بھی دھمکی دی ہے کہ وہ اپنی پالیسی منوانے کے لیے کسی حد تک بھی جا سکتا ہے۔ خصوصاً مسلم کو پیغام دیا گیا ہے کہ امریکہ جب چاہے اُن کے پَر پُرزے کاٹ سکتا ہے اور کوئی ”دوست“ ملک بھی اُن کی مدد کو نہ آئے گا۔ اغواء کی اس واردات کے نتیجے میں امریکہ نے پوری دنیا کو یہ باور کروادیا ہے کہ طاقت ور پر کوئی عالمی قانون لاگو نہیں ہوتا، بین الاقوامی قوانین صرف کمزور ریاستوں کے لیے ہوتے ہیں۔ پھر یہ ہے کہ یہ واردات دنیا بھر کی نظریں مقبوضہ فلسطین میں جاری اسرائیلی درندگی سے ہٹانے کی ایک اور صہیونی سازش بھی ہے۔ امریکہ کا نکولاس مادورو پر یہ الزام کے اُس کے دورِ اقتدار میں وینیزویلا سے بھاری تعداد میں نشہ آور اشیاء امریکہ بھجوائی گئیں حقیقت کے برعکس ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ وینزویلا سے کہیں زیادہ نشہ آور اشیاء امریکہ خود بناتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر ریاستی دہشت گردی اور اغواء کی اِس واردات کے بعد بھی اگر مسلم ممالک نہیں جاگتے اور آپس کے اختلافات کو پسِ پشت ڈال کر اتحاد و اتفاق قائم نہیں کرتے تو دشمن کے لیے تَر نوالہ ثابت ہوں گے۔ لہٰذا سیاسی، معاشی، معاشرتی اور عسکری سطح پر مسلم ممالک کا اتحاد اُن کی بقاء اور سلامتی کے لیے ناگزیر ہو چکا ہے۔

**جاری کردہ**
**رضاء الحق**
**مرکزی ناظم نشرو اشاعت**

تنظیمِ اسلامی کا پیغام — خلافتِ راشدہ کا نظام

بانیٔ تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ — امیرِ تنظیم: شجاع الدین شیخ


# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: January 7th, 2026**

## The abduction of Venezuelan President Nicolás Maduro by U.S. President Donald Trump – who supports oppression across the world – is extremely shameful. This act of American thuggery has not only trampled global peace but has also shredded international law as well.

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that carrying out a terror-based operation in another country is clear proof that the United States assigns no value whatsoever to global peace or international law. The reality is that America is fully backing Israel's ongoing genocide in Gaza and its crimes against humanity in various forms, while simultaneously claiming to be a standard-bearer of peace and an advocate for ending wars worldwide. According to reports, the recent American operation in Venezuela – effectively amounting to kidnapping for ransom – was aimed at extracting oil, critical minerals, and precious stones from Venezuela. It is also a fact that deep public resentment against America exists in Venezuela, and that through regime change a government has been installed there which safeguards American interests and sells oil and mineral resources at throwaway prices. As a consequence of this abduction, Trump has also issued threats to Muslim countries, making it clear that he can go to any extreme to impose his policies; in particular, a message has been sent to Muslims that America can sever their limbs at will and that no so-called "friendly" country will come to their aid. Through this act of abduction, the United States has demonstrated to the entire world that no international law applies to the powerful, and that international laws exist only for weak states. Moreover, this incident is yet another Zionist conspiracy aimed at diverting global attention away from Israel's ongoing brutality in occupied Palestine. America's allegation that large quantities of narcotics were sent from Venezuela to the United States during Nicolás Maduro's tenure is contrary to facts; the truth is that America itself produces far greater quantities of narcotics than Venezuela. He said that if, even after this act of state terrorism and abduction on a global scale, Muslim countries fail to awaken and do not set aside their differences to establish unity and solidarity, they will become nothing more than an easy prey for the enemy. Therefore, political, economic, social, and military unity among Muslim countries has become indispensable for their survival and security.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**